© rasailojaraid.com

علاوہ عام اربابِ ذوق کو بھی اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے عہد کے تمدنی کارنامے

تقطیع متوسط۔ کتابت و طباعت بہتر۔ ضخامت ۳۴۴ صفحات قیمت درج نہیں

پتہ:۔ دارالمصنفین اعظم گڈھ

پہلی کتاب میں تمدنی جلوے دکھائے گئے تھے۔ اس کتاب میں ان تمدنی کارناموں کا ذکر و بیان ہے جو مسلمان حکمرانانِ ہند کے عہد میں انجام پذیر ہوئے۔ یہ کتاب کوئی تصنیف بلکہ چند مقالات کا مجموعہ ہے۔ چنانچہ پہلے فنِ تعمیر پر پروفیسر محمد مجیب کا مقالہ ہے اس کے زیرِ عنوان "رفاہِ عام کے کام"۔ "نئے شہر، قصبے اور گاؤں۔ باغات۔ ترقی حیوانات۔ اور تعلیم کی ترقی" پانچ مقالات مولانا عبدالسلام ندوی اور "کاغذ سازی" اور "کتب خانے" دو مقالات مولانا سید ابوظفر ندوی اور آخری مقالہ "تیموری دور کی خطاطی" اور "مشہور خطاط" مولانا شاہ معین الدین احمد ندوی کے قلم سے ہیں۔

ہر مقالہ اپنی جگہ پر سیر حاصل اور پُر از معلومات ہے اور اس کے مطالعہ سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ اگر مسلمان اس ملک میں آٹھ سو برس تک حکمراں رہے ہیں تو انھوں نے ہر شعبۂ زندگی میں اس ملک کی ایسی خدمات بھی انجام دی ہیں جو تاریخ میں ہمیشہ یادگار رہیں گی۔ اربابِ ذوق کو اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے۔

وحی الٰہی

وحی اور اس سے متعلق مباحث پر محققانہ کتاب جس میں اس مسئلہ کے ایک ایک پہلو پر ایسے دلپذیر و دلکش انداز میں بحث کی گئی ہے کہ وحی اور اس کی صداقت کا نقشہ آنکھوں کو روشن کرتا ہوا دل میں سما جاتا ہے اور حقیقتِ وحی سے متعلق تمام غلطیاں صاف ہو جاتی ہیں

تالیف مولانا سعید احمد ایم۔ اے۔ کاغذ نہایت اعلیٰ۔ کتابت نفیس چمکتی ہوئی، طباعت عمدہ۔ صفحات ۲۰۰ قیمت تین روپے مجلد چار روپے۔ مکتبہ برہان اردو بازار دہلی۔

© rasailojaraid.com